© rasailojaraid.com



پیش کرنے کی اجازت دی۔ یہ پورا بیان چھ سو صفحات پر مشتمل ہے، جو امریکن کمیٹی نے میکسیکو آکر ٹروٹسکی کی زبانی قلمبند کیا۔ جوہر صاحب نے اسی بیان کے بعض اہم حصّوں کا ترجمہ کیا ہے۔ شروع میں لائق مترجم کا ایک طویل دیباچہ ہے جس میں اُنھوں نے انقلاب سے پہلے کی ناگفتہ بہ حالت، پھر انقلاب کی اجمالی تاریخ، لینن اور ٹروٹسکی کی مخالفت و موافقت۔ اسٹالین کی ٹروٹسکی سے مخالفت کے وجوہ، کمیٹی کا تقرر وغیرہ دلچسپ پیرایہ میں بیان کیا ہے۔ ترجمہ صاف وسلیس اور بامحاورہ ہے۔ سیاسی اور تاریخی معلومات کے لحاظ سے یہ کتاب اس قابل ہے کہ اس کا توجہ سے مطالعہ کیا جائے۔

**اقبال** تقطیع متوسط ضخامت ۲۷۶ صفحات۔ کتابت و طباعت بہتر۔ قیمت ۶؍ ملنے کا پتہ: انجمن ترقی اُردو (ہند) دہلی۔

انجمن ترقی اُردو کے رسالہ "اُردو" کی اشاعت بابت اکتوبر ۱۹۳۸ء اقبال نمبر کے عنوان سے ہوئی تھی۔ جس میں ڈاکٹر اقبال مرحوم سے متعلق متعدد اربابِ قلم کے لکھے ہوئے محققانہ مقالات شائع ہوئے تھے، بعد میں ان مضامین کو ایک الگ کتاب کی شکل میں شائع کر دیا گیا تھا۔ زیرِ تبصرہ کتاب اسی مجموعہ کی طبعِ جدید ہے اس مجموعہ میں نظموں اور قطعات کے علاوہ آٹھ مقالات ہیں جن میں تحقیق اور دیدہ وری کے ساتھ ڈاکٹر صاحب مرحوم کی شخصیت، شاعری، اور اُن کی خصوصیاتِ فکر و نظر پر تفصیلی بحث کی گئی ہے۔ مقالہ نگاروں میں سب تعلیم جدید کے نمایاں اربابِ علم و ادب ہیں۔ اس لیے یہ مقالات تنقیدی حیثیت سے بھی بہت قابلِ قدر اور مفید ہیں انھی میں ایک مضمون اقبال مرحوم کی آخری علالت پر سید نذیر صاحب نیازی کا ہے۔ اس مضمون سے شاعرِ مشرق کی ذاتی خوبیوں۔ اور اُن کے فکر و نظر کی بلندیوں، پختہ اعتقادی اور زندگی کے بعض اہم گوشوں پر روشنی پڑتی ہے۔ یہ مجموعہ اس قابل ہے کہ اس کا بنظرِ غائر مطالعہ کیا جائے۔ حق یہ ہے کہ اقبال پر اب تک اتنے اچھے مقالات کا کوئی مجموعہ اُردو میں شائع نہیں ہوا۔

**یادِ اقبال حصہ اوّل** مرتبہ غلام سرور صاحب فگار۔ تقطیع متوسط ضخامت ۱۲۰ صفحات کتابت و



© rasailojaraid.com